


# خُداوند یسوعؔ المسیح کی پیدایش یوں ہوئی

(یہ کتابچہ بائبل مقدس کی آیات کو ترتیب دے کر تیار کیا گیا ہے)

بائبل مقدس کی تعلیمات
کا تصویری مطالعہ

# خُداوند یسوعؔ المسیح کی پیدائش

یسوعؔ المسیح کے متعلق تعلیمات بائبل مقدس میں پائی جاتی ہیں اور بائبل مقدس کے وسیلہ سے ہی خُدا ہم سے بات کرتا ہے۔ پرانے عہد نامہ (عہد عتیق) میں یسوعؔ کے متعلق بہت سی پیشنگوئیاں موجود ہیں۔ اِن پیشنگوئیوں کا آغاز ہمارے پہلے والدین، آدمؔ اور حوّاؔ کے ساتھ خُدا کی رفاقت سے ہی ہوگیا تھا۔ آدمؔ اور حوّاؔ نے خُدا کی نافرمانی کی اور یہ نافرمانی کی کا پہلا گناہ تھی۔ اس لِئے خُدا نے اپنے فضل کی بدولت، اُن کیلئے اور تمام انسانوں کیلئے نجات دہندہ کو بھیجنے کا وعدہ کیا اور اُن وعدوں کی وجہ سے عہد عتیق میں نجات دہندہ کے آنے کی بہت سی پیشنگوئیاں موجود ہیں۔

آخرکار آج سے تقریباً 2007 پہلے ہمارا نجات دہندہ پیدا ہوا۔ یہ کتابچہ آپ کو یسوعؔ کی پیدائش کے بارے میں بتائے گا جو کہ خُدا کی انسان کیلئے محبت کی ایک عجیب کہانی ہے۔ خُدا نے اپنی محبت کی خاطر اپنے اکلوتے بیٹے کو نجات دہندہ کے طور پر اِس دنیا میں بھیجا۔ یہ کہانی خُدا کے پیامبروں یعنی فرشتوں کے متعلق بھی ہے۔ اُن فرشتوں نے مریم اور یوسف کے ساتھ یسوعؔ کی پیدائش کے متعلق گفتگو کی اور کچھ چرواہوں کو بھی یہ خوشخبری سنائی کہ آج ایک نجات دہندہ پیدا ہوا ہے۔ ہم ایمان رکھتے ہیں کہ جب آپ اِس کہانی کو پڑھیں گے تو آپ کا دل بھی چرواہوں کی طرح خوشی سے بھر جائے گا۔

یسوعؔ اپنی جوانی سے ہی معجزات اور منادی کے ذریعے یہ ثابت کرتا رہا کہ وہ خُدا کا اکلوتا بیٹا ہے۔ بعدازاں اُس کی قوم کے لوگ یعنی بنی اسرائیل اُس کے خلاف ہوگئے اور اُنہوں نے اُس کو مصلوب کر دیا۔ تاہم یسوعؔ مردوں میں جی اُٹھا۔ وہ ایسا کر سکتا تھا کیونکہ وہ خُدا کا بیٹا ہے۔ وہ اب بھی آسمان پر زندہ ہے آپ بائبل مقدس میں سے اُس کے متعلق مطالعہ کر سکتے ہیں۔ اِس کتابچہ کی طرح دوسرے کتابچوں میں بھی آپ یسوع کی موت اُس کا مردوں میں سے جی اُٹھنا اور آسمان پر صعود فرمانا کے متعلق پڑھ سکتے ہیں۔ جو کہ یہ ثابت کرتے ہیں کہ یسوعؔ خُدا کا بیٹا ہے۔

کیا آپ یسوعؔ کے بارے میں مزید جاننا چاہیں گے ؟۔ کیونکہ وہ آپ کو گناہوں سے، موت کے خوف سے اور ابدی ہلاکت سے نجات دیتا ہے اور صرف وہ ہی نجات دہندہ ہے جو یہ ممکن بناتا ہے کہ آپ ہمیشہ کی زندگی میں داخل ہو سکیں۔

بائبل مقدس کی تعلیمات کا تصویری مطالعہ


کمپوزنگ ۔ امجد مشتاق

مصنف ۔ ڈبلیو ۔ ایف ۔ بیک ۔ تشریح و توضیح ۔ رُوت ۔ ڈبلیو ۔ راجرز ۔ مترجم رفعت ناصر نظر ثانی ۔ ناصر ہارون

# جبرائیل فرشتہ کا زکریاہ کے پاس آنا

لوقا 1:5-25




''جب وہ (زکریاہ) خُدا کے حضور اپنے فریق کی باری پر کہانت کا کام انجام دیتا تھا تو ایسا ہوا۔ کہ کہانت کے دستور کے موافق اُس کے نام کا قرعہ نکلا کہ خُداوند کے مقدس میں جا کر خوشبو جلائے۔
اور لوگوں کی ساری جماعت خوشبو جلاتے وقت باہر دُعا کر رہی تھی۔
''کہ خُداوند کا فرشتہ خوشبو کی دہنی طرف کھڑا ہوا اُس کو دکھائی دیا۔ اور زکریاہ دیکھ کر گھبرایا اور اُس پر دہشت چھا گئی''۔














اگلی کہانی میں ہم مقدسہ مریم کے بارے میں پڑھیں گے۔
وہ ہمارے نجات دہندہ کی ماں ہے۔


''مگر فرشتہ نے اُس سے کہا اے زکریاہ خوف نہ کر کیونکہ تیری دُعا سُن لی گئی اور تیرے لِئے تیری بیوی . . .
اِلیشبَع کے بیٹا ہوگا۔ تو اُس کا نام یوحنّا رکھنا۔ اور تجھے خوشی وخرمی ہوگی اور بہت سے لوگ اُس کی پیدائش کے سبب سے خوش ہوں گے۔
''کیونکہ وہ خُداوند کے حضور میں بزرگ ہوگا اور ہرگز نہ مے نہ کوئی اور شراب پیئے گا اور اپنی ماں کے بطن ہی سے روح القدس سے بھر جائے گا''
''اور بہت سے بنی اسرائیلیوں کو خُداوند کی طرف جو اُن کا خُدا ہے پھیرے گا۔ اور وہ ایلیاہ کی روح اور قوت میں اُس کے آگے آگے چلے گا تاکہ والدوں کے دِل اور اولاد کی طرف اور نافرمانوں کو راستبازوں کی دانائی پر چلنے کی طرف پھیرے''۔
''زکریاہ نے فرشتہ سے کہا میں اِس بات کو کس طرح جانوں؟ کیونکہ میں بوڑھا ہوں اور میری بیوی عمر رسیدہ ہے۔
''اور خُداوند کیلئے ایک مستعد قوم تیار کرے''.

ناصرۃ
مارچ ۔ ۵ قبل از مسیح

# جبرائیل فرشتہ مقدسہ مریم کے پاس آتا ہے


لوقا 1:26-56










''اے مریم خوف نہ کر کیونکہ خُدا کی طرف سے تجھ پر فضل ہوا ہے''۔
''دیکھ تو حاملہ ہوگی اور تیرے بیٹا ہوگا۔ اُس کا نام یسوع رکھنا''۔
''وہ بزرگ ہوگا اور خُدا تعالیٰ کا بیٹا کہلائے گا''۔
''کہ تو زِندہ خُدا کا بیٹا مسیح ہے''۔
''اور خُداوند خُدا اُس کے باپ داوَد کا تحت اُسے دیگا۔ اور وہ یعقوب کے گھرانے پر ابد تک بادشاہی کریگا اور اُس کی بادشاہی کا آخر نہ ہوگا''۔
''یہ کیونکر ہوگا جبکہ میں مرد کو نہیں جانتی؟''


''روح القدس تجھ پر نازل ہوگا اور خُدا تعالیٰ کی قدرت تجھ پر سایہ ڈالے گی اور اِس سبب سے وہ مولودِ مقدس خُدا کا بیٹا کہلائے گا''۔
''اور دیکھ تیری رشتہ دار اِلیشبَع کے بھی بڑھاپے میں بیٹا ہونے والا ہے۔ کیونکہ جو قول خُدا کی طرف سے ہے وہ ہرگز بے تاثیر نہ ہوگا''۔
''مریم نے کہا دیکھ میں خُداوند کی بندی ہوں۔ میرے لِئے تیرے قول کے موافق ہو''۔
''تب فرشتہ اُس کے پاس سے چلا گیا''۔
مریم اِلیشبَع سے ملنے گئی۔
لوقا 1:39-56
ناصرۃ ۔ یہودیہ کا پہاڑی علاقہ ۔
مارچ ۔ جون ۔ پانچ قبل از مسیح ۔
گلیل
ناصرۃ
سامریہ
یہودیہ
یروشلیم
پہاڑی علاقہ
حبرون
''اُن ہی دنوں مریم اُٹھی اور جلدی سے پہاڑی ملک میں یہوداہ کے ایک شہر کو گئی''۔
''اور زکریاہ کے گھر میں داخل ہو کر اِلیشبَع کو سلام کیا''۔
''اور جونہی اِلیشبع نے مریم کا سلام سُنا تو ایسا ہوا کہ بچہ اُس کے رحم میں اُچھل پڑا اور اِلیشبع روح القدس سے بھر گئی۔ اور بلند آواز سے کہنے لگی''۔
''تو عورتوں میں مبارک اور تیرے رحم کا پھل مبارک ہے۔ اور مجھ پر یہ فضل کہاں سے ہوا کہ میرے خُداوند کی ماں میرے پاس آئی؟ اور مبارک ہے وہ جو ایمان لائی کیونکہ جو باتیں خُداوند کی طرف سے اُس سے کہی گئی تھیں پوری ہوں گی''۔

''پھر مریم نے کہا کہ میری جان خُداوند کی بڑائی کرتی ہے۔ اور میری روح میرے منجی خُدا سے خوش ہوئی۔ کیونکہ اُس نے اپنی بندی کی پست حالی پر نظر کی اور دیکھ اب سے لے کر ہر زمانہ کے لوگ مجھ کو مبارک کہیں گے''۔



''کیونکہ اُس قادر نے میرے لِئے بڑے بڑے کام کیے ہیں اور اُس کا نام پاک ہے۔ اُس کا رحم اُن پر جو اُس سے ڈرتے ہیں پشت در پشت رہتا ہے''۔

''اُس نے اپنے بازو سے زور دکھایا''۔



''اور جو اپنے تئیں بڑا سمجھتے تھے اُن کو پراگندہ کیا''۔

''اُس نے اختیار والوں کو تخت سے گرا دیا''۔

''اور پست حالوں کو بلند کیا۔ اُس نے بھوکوں کو اچھی چیزوں سے سیر کر دیا۔ اور دولتمندوں کو خالی ہاتھ لوٹا دیا''۔

''اور مریم تین مہینے کے قریب اُس کے ساتھ رہ کر اپنے گھر کو لَوٹ گئی''۔



''اُس نے اپنے خادم اسرائیل کو سنبھال لیا''۔

''تا کہ اپنی اُس رحمت کو یاد فرمائے''،



''جو ابرہام اور اُس کی نسل پر ابد تک رہے گی جیسا اُس نے ہمارے باپ دادا سے کہا تھا''۔


اور جلد ہی زکریاہ اور اِلیشبعؔ کے بیٹے یوحنا کی پیدایش کا وقت آ پہنچا۔




بائبل مقدس کی تعلیمات کا تصویری مطالعہ ۔
مصنف ۔ ڈبلیو ۔ ایف ۔ بیک ۔
تشریح و توضیح ۔
روٹ ۔ ڈبلیو ۔ راجرز ۔
یوحنا کی پیدائش
لوقا 1:57-79
یہودیہ کا پہاڑی علاقہ ۔
جون ۔ ۵ سنہ قبل از مسیح ۔
''اور الیشبَع کے وضع حمل کا وقت آ پہنچا اور اُس کے بیٹا ہوا'' ۔
''اور اُس کے پڑوسیوں اور رشتے داروں نے یہ سن کر کہ خُداوند نے اُس پر بڑی رحمت کی اُس کے ساتھ خوشی منائی'' ۔
''اور آٹھویں دن ایسا ہوا کہ وہ لڑکے کا ختنہ کرنے آئے'' ۔
''اور اُس کا نام اُس کے باپ کے نام پر زکریاہ رکھنے لگے'' ۔
اُس وقت ختنہ خُدا کی قوم میں شمولیت کا ظاہری نشان تھا ۔ آج بچوں کا بپتسمہ کلیسیاء میں شمولیت کا ظاہری نشان ہے ۔
''مگر اُس کی ماں نے کہا نہیں بلکہ اُس کا نام یوحنا رکھا جائے'' ۔
''اُنہوں نے اُس سے کہا کہ تیرے کنبے میں کسی کا یہ نام نہیں'' ۔


''اور اُنہوں نے اُس کے باپ کو اشارہ کیا کہ تو اُس کا نام کیا رکھنا چاہتا ہے؟''۔


''اُس نے تختی منگوا کر یہ لکھا''۔
اُس کا نام
یوحنا
ہے
''اور سب نے تعجب کیا۔ اُسی دم
اُس کا منہ اور زبان کھل گئی اور وہ بولنے اور خُدا کی حمد کرنے لگا''۔


''اور اُن کے آس پاس کے سب رہنے والوں پر دہشت چھا گئی اور یہودیہ کے تمام پہاڑی ملک میں اِن سب باتوں کا چرچا پھیل گیا''۔
''اور سب سننے والوں نے اُن کو دل میں سوچ کر کہا تو یہ لڑکا کیسا ہونے والا ہے؟''۔
''کیونکہ خُداوند کا ہاتھ اُس پر ہے''۔

''اور اُس کا باپ زکریاہ روح القدس سے بھر گیا اور نبوت کی راہ سے کہنے لگا کہ''۔






''خُداوند اسرائیل کے خُدا کی حمد ہو
کیونکہ اُس نے اپنی اُمت پر توجہ کر کے اُسے
چھٹکارا دیا''۔



''اور اپنے خادم داوٗد کے گھرانے میں ہمارے لِئے
نجات کا سینگ نکالا''۔





''جیسا اُس نے اپنے پاک
نبیوں کی زبانی فرمایا ہے جو کہ دُنیا کے
شروع سے ہوتے آئے ہیں''۔۔۔

خُدا نے فرمایا
''میں نے اپنی ذات
کی قسم
کھائی ہے''۔

''تا کہ ہمارے باپ دادا پر رحم کرے اور اپنے پاک عہد کو یاد فرمائے۔ یعنی اس قسم کو جو اُس نے
ہمارے باپ ابرہام سے کھائی تھی۔ کہ وہ ہمیں یہ عنایت کرے گا کہ
اپنے دشمنوں کے ہاتھ سے چھوٹ کر۔ اُس کے حضور پاکیزگی اور
راستبازی سے عمر بھر بے خوف اُس کی عبادت کریں''۔







اب یسوعؔ کی پیدائش کا وقت آ پہنچا۔


# یسوعؔ کی پیدائش


## متی 1:18-25 ، لوقا 2:1-7


بائبل مقدس کی تعلیمات کا تصویری مطالعہ ۔ کمپوزنگ ۔ امجد مشتاق
مصنف ڈبلیو ۔ ایف ۔ بیک ۔ تشریح و توضیح ۔ رُوت ۔ ڈبلیو ۔ راجرز ۔ مترجم رفعت ناصر ۔ نظر ثانی ۔ ناصر ہارون


ناصرۃ سے بیت لحم تک ۔ موسم گرما اور دسمبر پچیس ۵ ء قبل از مسیح




















''قیصر اوگوستس کی طرف سے یہ حکم جاری ہوا کہ ساری دُنیا کے لوگوں کے نام لکھے جائیں''۔
''یہ پہلی اسمِ نویسی سُوریہ کے حاکم کورنیس کے عہد میں ہوئی''۔
سوریہ
فلسطین


''اور سب لوگ نام لکھوانے کیلئے اپنے اپنے شہر کو گئے''۔


''پس یوسف بھی گلِیل کے شہر ناصرۃ سے داوٗد کے شہر بیت لحم کو گیا جو یہودیہ میں ہے''۔
''اِس لِئے کہ وہ داوٗد کے گھرانے اور اولاد سے تھا''۔
گلِیل
ناصرۃ
سامریہ
یروشلیم
بیت لحم


''تاکہ اپنی بیوی مریم کے ساتھ جو حاملہ تھی نام لکھوائے''۔

”جب وہ وہاں تھے تو ایسا ہوا کہ اُس کے وضع حمل کا وقت آ پہنچا۔ اور اُس کا پہلوٹھا بیٹا پیدا ہوا اور اُس نے اُس کو کپڑے میں لپیٹ کر چرنی میں رکھا کیونکہ اُن کے واسطے سرائے میں جگہ نہ تھی“۔




خُداوند کے فرشتہ نے چرواہوں کو خبر دی کہ یسوع پیدا ہوا ہے۔


# فرشتہ چرواہوں کو خوشخبری دیتا ہے۔

لوقا 2:8-20


بیت لحم میں۔ دسمبر 25۔ ۵ھ قبل از مسیح۔













''جب فرشتے اُن کے پاس سے آسمان پر چلے گئے''۔
''تو ایسا ہوا کہ چراہوں نے آپس میں کہا کہ آؤ بیت لحم تک چلیں اور یہ بات جو ہوئی ہے اور جس کی خُداوند نے ہم کو خبر دی ہے دیکھیں''۔
''پس اُنہوں نے جلدی سے جا کر مریم اور یوسف کو دیکھا اور اُس بچہ کو چرنی میں پڑا پایا''۔
''اور اُنہیں دیکھ کر وہ بات جو لڑکے کے حق میں اُن سے کہی گئی تھی مشہور کی اور سب سننے والوں نے اِن باتوں پر جو چراہوں نے اُن سے کہیں تعجب کیا''۔
''مگر مریم اِن سب باتوں کو اپنے دِل میں رکھ کر غور کرتی رہی''۔
''اور چرواہے جیسا اُن سے کہا گیا تھا ویسا ہی سب کچھ سن کر اور دیکھ کر خُدا کی تمجید اور حمد کرتے ہوئے لوٹ گئے''۔




یسوؔع کو ہیکل میں لایا گیا۔
لوقا 2:21-39 متی 1:24-25
بیت لحم سے یروشلیم یکم جنوری اور فروری ۴ قبل از مسیح۔
''جب آٹھ دن پورے ہوئے اور اُس کے ختنہ کا وقت آیا تو اُس کا نام یسوؔع رکھا گیا جو فرشتہ نے اُس کے رحم میں پڑنے سے پہلے رکھا تھا''۔
''پھر جب موسیٰ کی شریعت کے موافق اُن کے پاک ہونے کے دِن پورے ہو گئے تو وہ اُس کو یروشلیم لائے''۔
یروشلیم
دس کلومیٹر
بیت لحم
''تا کہ خُداوند کے آگے حاضر کریں۔ جیسا کہ خُداوند کی شریعت میں لکھا ہے کہ ہر ایک پہلوٹھا خُداوند کے لئے مقدس ٹھہرے گا''۔
''اور خُداوند کی شریعت کے اِس قول کے موافق قربانی کریں''۔
خروج 2:13
سب پہلوٹھوں کو میرے لئے مقدس کرو ...... وہ میرے ہیں۔
احبار 8:12
...... قمریوں کا ایک جوڑا یا کبوتر کے دو بچے لاؤ۔
''اور دیکھو یروشلیم میں شمعون نام ایک آدمی تھا اور وہ آدمی راستباز اور خُدا ترس اور اسرائیل کی تسلی کا منتظر تھا اور روح القدس اُس پر تھا۔ اور اُس کو روح القدس سے آگاہی ہوئی تھی کہ جب تو خُداوند کے مسیح کو دیکھ نہ لے موت کو نہ دیکھے گا''۔
یسعیاہ 1:40
''تسلی دو تم میرے لوگوں کو تسلی دو۔ تمہارا خدا فرماتا ہے''۔
''وہ روح کی ہدایت سے ہیکل میں آیا''۔
''اور جس وقت ماں باپ اُس لڑکے یسوؔع کو اندر لائے تا کہ اُس کے لیے شریعت کے دستور پر عمل کریں۔ تو شمعون نے اُسے اپنی گود میں لیا اور خُدا کی حمد کر کے کہا کہ''۔
''اے مالک اب تو اپنے خادم کو اپنے قول کے موافق سلامتی سے رخصت کرتا ہے۔ کیونکہ میری آنکھوں نے تیری نجات دیکھ لی ہے۔ جو تو نے سب اُمتوں کے روبرو تیار کی ہے۔ تا کہ غیر قوموں کو روشنی دینے والا نور اور تیری اُمت اسرائیل کا جلال بنے''۔




کئی دوسرے لوگ بھی جو غیر یہودی تھے یسوعؔ کو سجدہ کرنے آئے۔

## بائبل مقدس کی تعلیمات کا تصویری مطالعہ۔


مصنف ڈبلیو۔ ایف۔ بیک۔ تشریح و توضیح۔ رؤت۔ ڈبلیو۔ راجرز۔ مترجم رفعت ناصر نظر ثانی۔ ناصر ہارون کمپوزنگ۔ امجد مشتاق

مشرق، یروشلیم، بیت لحم، مصر، ناصرۃ۔ فروری۔ ۴ قبل از مسیح یا اُس کے بعد۔

# مجوسی

متی 2 باب، لوقا 39:2













''وہ بادشاہ کی بات سن کر روانہ ہوئے اور دیکھو جو ستارہ اُنہوں نے پورب میں
دیکھا تھا وہ اُن کے آگے آگے چلا''۔
''یہاں تک کہ اُس جگہ کے اوپر جا کر ٹھہر گیا جہاں وہ بچہ تھا۔
وہ ستارے کو دیکھ کر نہایت خوش ہوئے''۔
''اور اُس گھر میں پہنچ کر بچہ کو اُس کی ماں مریم
کے پاس دیکھا اور اُس کے آگے گر کر سجدہ کیا''۔
''اور اپنے ڈبے کھول کر سونا اور لوبان اور مُر اُس کو
نذر کیا''۔
''اور ہیرودیس کے پاس پھر نہ جانے کی ہدایت خواب میں پا کر
دوسری راہ سے اپنے ملک کو روانہ ہوئے''۔



''جب وہ روانہ ہو گئے تو دیکھو خُداوند کے فرشتہ نے یوسف کو خواب
میں دکھائی دے کر کہا''۔
''اُٹھ بچے اور اُس کی ماں کو
ساتھ لے کر مصر کو بھاگ جا اور جب تک کہ
میں تجھ سے نہ کہوں وہیں رہنا کیونکہ ہیرودیس
اِس بچہ کو تلاش کرنے کو ہے تا کہ اِسے ہلاک کرے
کرے۔
''پس وہ اُٹھا اور رات کے وقت بچہ اور اُس کی ماں کو ساتھ لے کر مصر کو
روانہ ہو گیا''۔
''اور ہیرودیس کے مرنے تک وہیں رہا تا کہ جو خُداوند نے نبی کی
معرفت کہا تھا وہ پورا ہو''۔
1:11 ہوسیع
''کہ مصر میں
سے میں نے
اپنے بیٹے
کو بلایا''۔
ناصرة
یروشلیم
بیت لحم
مصر
''جب ہیرودیس نے دیکھا کہ مجوسیوں نے میرے ساتھ ہنسی کی تو نہایت غصے
ہوا۔ اور آدمی بھیج کر''۔
''بیت لحم اور اُس کی سب سرحدوں کے اندر کے اُن سب لڑکوں کو قتل کروا دیا
جو دو دو برس کے یا اِس سے چھوٹے تھے۔ اُس وقت کے حساب سے جو اُس
نے مجوسیوں سے تحقیق کی تھی''۔
''اُس وقت وہ بات پوری ہوئی جو یرمیاہ نبی کی معرفت کہی گئی تھی کہ''۔
یرمیاہ 15:31
''رامہ میں آواز میں سنائی
دی۔ رونا اور بڑا ماتم۔
راخل اپنے بچوں کو
رو رہی ہے اور
تسلی قبول نہیں
کرتی اس لئے کہ
وہ نہیں ہیں''۔











یسوعؑ کے لڑکپن کے بارے میں مطالعہ کریں۔


# یسوعؔ جب بارہ برس کا ہوا


لوقا2:40-52





ناصرۃ۔یروشلیم۔ اپریل 8تا14ء


















''جب وہ اُن دِنوں کو پورا کر کے لوٹے''۔
''تو وہ لڑکا یسوعؔ یروشلیم میں رہ گیا''۔
''اور اُس کے ماں باپ کو خبر نہ ہوئی۔ مگر یہ سمجھ کر کہ وہ قافلہ میں ہے
ایک منزل نکل گئے اور اُسے اپنے رشتہ داروں اور جان پہچانوں میں
ڈھونڈنے لگے''۔
''جب نہ ملا تو اُسے ڈھونڈتے ہوئے یروشلیم تک واپس گئے''۔


''اور تین روز کے بعد ایسا ہوا کہ اُنہوں نے اُسے ہیکل میں اُستادوں کے بیچ میں بیٹھے اُن کی سنتے اور اُن سے سوال کرتے ہوئے پایا''۔
''اور جتنے اُس کی سن رہے تھے اُس کی سمجھ اور اُس کے جوابوں سے دنگ تھے''۔
''اور جب اُس کے ماں باپ نے اسے دیکھا تو حیران ہوئے''۔
''اور اُس کی ماں نے اُس سے کہا بیٹا! تو نے کیوں ہم سے ایسا کیا؟ دیکھ تیرا باپ اور میں کُڑھتے ہوئے تجھے ڈھونڈتے تھے''۔
''اُس نے اُن سے کہا تم مجھے کیوں ڈھونڈتے تھے؟ کیا تم کو معلوم نہ تھا مجھے اپنے باپ کے ہاں ہونا ضرور ہے؟''۔
''مگر جو بات اُس نے اُن سے کہی اُسے وہ نہ سمجھے''۔




یسوعؔ کی موت اور مردوں میں جی اُٹھنے کے متعلق دوسرا کتابچہ پڑھیں۔

اُس کتابچہ میں سے آپ اِس سے کہیں زیادہ یسوؔع کے متعلق سیکھ سکتے ہیں اور یسوؔع کے متعلق بائبل مقدس میں سے بھی مطالعہ کر سکتے ہیں ۔ نئے عہد نامہ میں متی، مرقس، لوقا اور یوحنا کی اناجیل ہمیں یسوؔع جو ہمارا نجات دہندہ ہے کے بارے میں تعلیم دیتی ہیں ۔

اِس طرح کے دوسرے کتابچے بھی اِسی لیے چھپوائے گئے ہیں تا کہ آپ یسوؔع کی زندگی، اُس کی تعلیمات، اُس کی موت اور مردوں میں سے جی اُٹھنے کے بارے میں سیکھ سکیں ۔

اِس تعلیمی سلسلہ کے درج ذیل کتابچے ہیں

<u>نیا عہد نامہ</u>

یسوؔع المسیح کی پیدائش یوں ہوئی

یسوؔع خُدا کا بیٹا ہے ۔

یسوؔع کی موت اور جی اُٹھنا

ابتدائی کلیسیاء ۔ پطرؔس ۔ اور پُولؔس ۔

<u>پرانا عہد نامہ</u>

ابرہام کا ابتدائی دور ۔

موسیٰ

وعدہ کی سرزمین

اِس کتابچہ کے آخری صفحہ پر درج پتہ سے آپ مزید کتابچے حاصل کر سکتے ہیں ۔